PAKISTAN DOMESTIC
SEASON 2019-20
14 SEP - 19 APR

CRICKET CHAMPIONS
Inspiring the Nation

خیبرپختونخوا نےقومی انڈر 13 ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ جیت لیا

- فاتح ٹیم کے احمد حسین مین آف دی فائنل، پلیئر آف دی ٹورنامنٹ اور ایونٹ کے بہترین بلے باز قرار

لاہور،04جنوری 2020ء:

خیبرپختونخوا انڈر 13 کرکٹ ٹیم نے قومی انڈر 13ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ جیت لیا ہے۔فاتح ٹیم نے ایونٹ کے فائنل میں سدرن پنجاب کو 5وکٹوں سے شکست دی۔ خیبرپختونخوا کے احمد حسین کومین آف دی فائنل قرار دیا گیا۔

اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئے ایونٹ کے فائنل میں سدرن پنجاب نے ٹاس جیت کر پہلےبیٹنگ کا فیصلہ کیا اور مقررہ 30 اوورز میں 9وکٹوں کے نقصان پر 156 رنزبنائے۔ اوپنر فہد کاشف نے47 گیندوں پر5 چوکوں کی مدد سے 48رنز کی اننگز کھیلی۔ خیبرپختونخوا کے اسپنر محمد سلمان نے 3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

جواب میں خیبرپختونخوا کی ٹیم نے مطلوبہ ہدف 28ویں اوور میں حاصل کرلیا۔ اوپنر احمد حسین نے ناقابل شکست نصف سنچری اسکور کرکے ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ وہ78 گیندوں پر 8چوکوں کی مدد سے 72 رنز بناکر ناٹ آؤٹ رہے۔

ٹورنامنٹ ستائیس دسمبر سے چار جنوری تک فیصل آباد میں کھیلا گیا۔ ایونٹ میں چھ ایسوسی ایشنز کی انڈر 13 کرکٹ ٹیموں کے مابین کل 16 میچز کھیلے گئے۔

ایونٹ کے فائنل میں کوالیفائی کرنے والی دونوں ٹیموں کے اسکواڈ میں شامل کھلاڑیوں کو کٹ بیگس بطور تحفہ دئیے گئے۔

ایونٹ کی چیمپئن خیبرپختونخوا کے اوپنر احمد حسین نے عمدہ کارکردگی کی بدولت ٹورنامنٹ کے تین ایوارڈز اپنے نام کیے۔ فائنل میں ناقابل شکست نصف سنچری اسکور

کرنے والے احمد حسین کو مین آف دی فائنل ، پلیئر آف دی ٹورنامنٹ اور ایونٹ کے بہترین بلے باز کے ایوارڈز دئیے گئے۔

ناردرن کے آذان کبیر کو بہترین باؤلر اور سدرن پنجاب کے سمیر احمد کو بہترین فیلڈر قرار دیا گیا۔ سندھ کے محمد رمیز کوٹورنامنٹ کا بہترین وکٹ کیپر کا ایوارڈ دیا گیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk